**21.07.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

------------------------------------

- ☆ کل سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے قبل آج نئی دلی میں سبھی پارٹیوں کی میٹنگ ہوئی۔ سرکار نے پارلیمنٹ کا کام کاج خوش اسلوبی کے ساتھ چلانے میں سبھی سیاسی پارٹیوں سے تعاون کی اپیل کی ہے۔
- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج شام نئی دلی میں عالمی وراثت سے متعلق کمیٹی کی **46** ویں میٹنگ کا افتتاح کریں گے، جو پہلی بار بھارت میں ہورہی ہے۔
- ☆ اتراکھنڈ کے رُدر پریاگ ضلعے میں کیدارناتھ یاترا کے راستے پر چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے تین یاتریوں کی موت ہوگئی جبکہ پانچ زخمی ہوئے۔
- ☆ معاشرے میں اساتذہ اور روحانی پیشواؤں کے اہم رول کو تسلیم کرتے ہوئے آج گرو پورنیما منائی جارہی ہے۔
- ☆ خواتین کے ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ میں اب سے کچھ دیر بعد بھارت کا مقابلہ متحدہ عرب امارات سے ہونے والا ہے۔
- ☆ اور سوئڈش اوپن ٹینس میں
  آج شام مردوں کے سنگلز فائنل میں رافیل نڈال اور **Nuno Borges** آمنے سامنے ہوں گے۔

------------------------------------

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Govt All Party Meet**

کل سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے قبل آج نئی دلی میں سبھی پارٹیوں کی میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ کے دوران سرکار نے پارلیمنٹ کا کام کاج خوش اسلوبی کے ساتھ چلانے میں سبھی سیاسی پارٹیوں سے تعاون کی اپیل کی۔

اِس میٹنگ میں شرکت کرنے والوں میں مرکزی وزیر راجناتھ سنگھ ، کرن رجیجو ، ارجن رام میگھوال، جے پی نڈا، چراغ پاسوان، رام داس اٹھاولے ، کانگریس کے لیڈر جے رام رمیش اور گورو گوگوئی، این سی پی کے لیڈر پرفل پٹیل، ڈی ایم

کے پارٹی کے لیڈر ٹی آر بالو اور تروچی شوا، عام آدمی پارٹی کے لیڈر سنجے سنگھ اور ایم آئی ایم کے ممبر پارلیمنٹ اسد الدین اویسی شامل ہیں۔

## PM WORLD HERITAGE

وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلّی میں آج شام سات بجے بھارت منڈپم میں عالمی وراثت سے متعلق کمیٹی کے 46 ویں اجلاس کا افتتاح کریں گے۔ جناب مودی اِس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ بھارت پہلی مرتبہ عالمی وراثت سے متعلق کمیٹی کی میٹنگ کی میزبانی کر رہا ہے، جو اِس مہینے کی 31 تاریخ تک جاری رہے گی۔

اِس کمیٹی کی سال میں ایک مرتبہ میٹنگ ہوتی ہے اور اس پر عالمی وراثت سے متعلق سبھی معاملات طے کرنے کی ذمے داری ہوتی ہے۔ اِس میں عالمی وراثت کی فہرست میں شامل کئے جانے والے مقامات کا فیصلہ کیا جانا بھی شامل ہے۔

اس میٹنگ کے دوران، عالمی وراثت کی فہرست میں نئے مقامات کو نامزد کرنے کی تجویزوں اور عالمی وراثت کے حامل موجودہ 124 مقامات کے تحفظ سے متعلق رپورٹوں پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

## UTTARAKHAND KEDARNATH

اتراکھنڈ کے رُدر پریاگ ضلع میں آج صبح کیدارناتھ یاترا کے راستے پر Chidwasa کے نزدیک چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے تین یاتریوں کی موت ہوگئی جبکہ پانچ زخمی ہوئے۔ مرنے والوں میں دو مہاراشٹر کے اور ایک مقامی باشندہ تھا۔ سبھی عقیدتمند گوری کُنڈ سے کیدارناتھ جارہے تھے۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ NDRF ، SDRF اور مقامی پولیس نے فوراً ہی بچاؤ کارروائی شروع کردی۔ گجرات اور مہاراشٹر سے تعلق رکھنے والے زخمی افراد کو علاج کیلئے رُدر پریاگ میں گوری کُنڈ PHC اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔

ریاست کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور یہ ہدایت دی ہے کہ زخمیوں کو تیزی کے ساتھ طبی دیکھ بھال کی سہولت فراہم کی جائے۔x

## Health AES

صحت خدمات کے ڈائرکٹر جنرل اتُل گوئل نے ماہرین کے ساتھ کچھ ریاستوں میں چاندی پورہ وائرس کے معاملات اور شدید دماغی بخار کے معاملات کا جائزہ لیا۔ اِن ریاستوں میں گجرات، راجستھان اور مدھیہ پردیش شامل ہیں۔ مرکزی وزارتِ صحت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ تفصیلی تبادلۂ خیال اور چاندی پورہ وائرس اور دماغی بخار کے معاملات کی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد ماہرین نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ ملک میں دماغی بخار کے چند معاملات میں ہی متعدی

عناصر کا رول ہے۔
وزارت نے بتایا ہے کہ بیماری پر کنٹرول سے متعلق قومی سینٹر، طبی تحقیق کی بھارتی کونسل اور مویشی پروری اور ڈیری محکمے پر مشتمل ایک کثیر رخی مرکزی ٹیم کو جانچ میں گجرات سرکار کی معاونت کیلئے متعین کیا جارہا ہے۔

## Kerala NIpah Virus

کیرالہ کے مَلّاپورم ضلعے میں ایک 14 سالہ لڑکے کے Nipah وائرس سے متاثر ہونے کی تصدیق کی گئی ہے۔ کیرالہ کی وزیرصحت وِینا جورج نے بتایا کہ پونے کی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف وائرولوجی میں کی گئی جانچ میں اس بات کی تصدیق ہوئی ہے۔کیرالہ کی دو لیبارٹریوں میں کی گئی جانچ میں بھی اس بیماری کے وائرس پائے گئے ہیں۔ فی الحال لڑکا کوزی کوڈ کے میڈیکل کالج اسپتال میں زیر علاج ہے۔ وزیر موصوفہ نے کہا کہ ریاست، اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار ہے اور Nipah پروٹوکول کے مطابق اقدامات کیے گئے ہیں۔ مَلّاپورم ضلعے میں ایک کنٹرول روم بھی شروع کیا گیا ہے۔ لڑکے کے قریبی رابطے میں آئے رشتہ داروں کی بھی نگرانی کی جا رہی ہے۔
NIV پونے کی جانب سے بھیجے گئے لیب میں تیار کردہ اور علاج کے لیے ضروری Monoclonal اینٹی بوڈیز کے آج کوزی کوڈ پہنچنے کا امکان ہے۔x

## PM GURUPURNIMA

آج گروپورنیما منائی جارہی ہے، جسے ویاس پورنیما کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ یہ تہوار روحانی اور تعلیمی اساتذہ کیلئے وقف ہے۔ اِس موقعے پر لوگ اُن گرو صاحبان کو یاد کرتے ہیں اور تشکر کا اظہار کرتے ہیں جو اپنی دانشمندی اور آشیرواد سے اُن کی رہنمائی کرتے ہیں اور اُن کی زندگی کو نکھارتے ہیں۔
بھگوان بدھ نے بودھی درخت کے نیچے نِروان حاصل کرنے کے بعد اِس موقعے پر اپنا پہلا خطاب کیا تھا۔ بھگوان بدھ ، بودھ گیا سے سارناتھ گئے تھے اور مکمل چاند کے دن اپنا پروَچن دیا تھا۔ اِسی لئے بھگوان بدھ کے پیروکار اِس دن اُن کی پوجا ارچنا کرتے ہیں۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے آج گرو پورنیما کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اِس سلسلے میں نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔گروپورنیما اشاڑھ مہینے کے مکمل چاند کے دن ہوتی ہے۔ اِس موقعے پر لوگ اپنے اساتذہ اور روحانی پیشواؤں کے تئیں تشکر کا اظہار کرتے ہیں۔

## PM KHARGE BIRTHDAY

وزیر اعظم نریندر مودی آج کانگریس صدر اور راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر ملک ارجن کھڑگے کی سالگرہ پر انہیں مبارکباد دی ہے۔ جناب کھڑگے 82 سال کے ہوگئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے جناب کھڑگے کی

طویل اور صحتمند زندگی کے لئے دعا کی ہے۔
اِدھر کانگریس کے ممبر پارلیمنٹ اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے بھی جناب ملک ارجن کھڑگے کو اُن کی سالگرہ پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انہوں نے جناب کھڑگے کی تندرستی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ جناب کھڑگے 2020 سے کرناٹک سے راجیہ سبھا کے ممبر پارلیمنٹ رہے ہیں۔

## CBI NEET UG

مرکزی جانچ بیورو، CBI نے NEET انڈر گریجویٹ پرچہ لیک کیس کے سلسلے میں مزید تین لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔
گرفتار کیے گئے ملزمین میں راجستھان کے بھرت پور میڈیکل کالج کے دو طالب علم شامل ہیں۔
ذرائع کے مطابق تکنیکی نگرانی کے ذریعے پانچ مئی کو ہوئے NEET انڈر گریجویٹ امتحان کے دن اِن لوگوں کی جھارکھنڈ کے ہزاری باغ میں موجودگی کی تصدیق ہوئی ہے۔گرفتار کیا گیا تیسرا ملزم ہر طرح کی سرگرمی میں ماہر تھا جو اصل سرغنہ کو ہر قسم کی مدد فراہم کر رہا تھا۔x

## EPFO

ملازمین کی پروویڈینٹ فنڈ تنظیم EPFO نے اِس سال مئی کے مہینے میں ساڑھے 19 لاکھ ارکان کو شامل کیا ہے۔
اپریل 2018 میں payroll سے متعلق پہلے اعداد و شمار جاری کیے جانے کے بعد سے یہ اضافہ سب سے زیادہ ہے۔
لیبر اور روزگار محکمے کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اعداد و شمار سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ اِس سال مئی کے مہینے کے دوران تقریباً 9 لاکھ 85 ہزار نئے ارکان نے اپنا اندراج کرایا۔اِس طرح اپریل مہینے کے مقابلے اِس میں 10 اعشاریہ نو-چھ فیصد کا اضافہ ہوا۔
سالانہ تجزیے سے پچھلے سال مئی مہینے کے مقابلے اِس سال 19 اعشاریہ چھ-دو فیصد کے اضافے کا اظہار ہوتا ہے۔
رکنیت میں اِس اچھال کے مختلف پہلو بتائے گئے ہیں۔
اِن میں روزگار کے بڑھتے ہوئے مواقع، ملازمین کے فائدوں کے تعلق سے بڑھتی ہوئی بیداری اور EPFO کے رابطہ پروگراموں کا مؤثر ہونا شامل ہے۔
Payroll ڈیٹا سے یہ بات بھی اجاگر ہوئی ہے کہ تقریباً 14 لاکھ ارکان EPFO سے باہر آ گئے تھے لیکن وہ بعد میں پھر اِس میں شامل ہوگئے۔

## Women s Asia Cup

خواتین کے ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ میں آج سری لنکا کے شہر Dambulla میں گروپ اے کے اہم میچ میں بھارت کا مقابلہ متحدہ عرب امارات سے ہونے والا ہے۔ یہ میچ اب سے کچھ دیر بعد دو بجے شروع ہوگا۔ اِس میچ میں کامیابی

ملنے سے بھارت سیمی فائنل میں اپنی جگہ بنا لے گا اور اِس طرح اپنا ٹائٹل پھر جیتنے کے اور قریب پہنچ جائے گا۔
کل میزبان سری لنکا نے بنگلہ دیش کو سات وکٹ سے ہرا دیا۔ سری لنکا نے **112** رن کا جیت کا نشانہ **17** اوورس اور ایک گیند میں تین وکٹ کھو کر حاصل کرلیا۔ اِس کامیابی میں **Vishmi** گُنا رتنے کی ہاف سنچری کا اہم رول رہا۔
بنگلہ دیش کی طرف سے ناہیدہ اختر نے تین وکٹ لئے۔ اِس سے قبل ٹاس جیت کر بلے بازی کرتے ہوئے بنگلہ دیش نے **20** اوورس میں **8** وکٹ پر **111** رن بنائے۔
بنگلہ دیش کی کپتان نگار سلطانہ نے **59** گیندوں پر **48** رن اسکور کیئے۔

## Swedish Open Tennis

سوئیڈش اوپن ٹینس میں آج شام مردوں کے سنگلز فائنل میں رافیل نڈال اور **Nuno Borges** آمنے سامنے ہوں گے۔
اِدھر آج سوئیڈن کے شہر **Bastad** میں مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں **Gregoire Jacq** اور **Manuel Guinard** کی فرانس کی جوڑی کا مقابلہ **Orlando Luz** اور **Rafael Matos** کی برازیل کی جوڑی سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر تین بجے ہوگا۔
اِس سے قبل سیمی فائنل میں فرانس کی جوڑی نے ایکواڈور اور قزاخستان کے کھلاڑیوں کی جوڑی کو چھ-تین، چھ-چار سے ہرایا جبکہ برازیل کی جوڑی کو دوسرے سیمی فائنل میں اسپین کے رافیل نڈال اور ناروے کے **Casper Ruud** کی جوڑی پر واک اوور مل گیا کیونکہ رافیل نڈال نے مردوں کے سنگلز کے فائنل میچ کیلئے اپنی توانائی محفوظ رکھنے کا فیصلہ کیا۔

☆☆☆☆☆☆